# 1120 ۔ کیا سودی معاشرے میں سودی لین دین کرنا جائز ہے ؟

**سوال**

کیا سود پر قائم معاشرے میں مسلمان شخص کے لیے سودی لین دین کرنا جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

سودی لین دین کرنا جائز نہیں، اگرچہ وہ معاشرے سود پر ہی قائم ہوں اور اس کی بنیاد سود پر رکھی گئی ہو، کیونکہ سود کی حرمت کے عمومی دلائل اسی پر دلالت کرتے ہیں، اس کو چاہیے کہ وہ حسب طاقت اور استطاعت برائی کو بدلے اور ختم کرنے کی کوشش کرے، اور اگر وہ اس کی استطاعت اور طاقت نہیں رکھتا تو اسے اس معاشرے سے کہیں اور منتقل ہو جانا چاہیے، تا کہ وہ برائی سے دور ہو اور اس خدشہ کے پیش نظر کہ جس میں وہ معاشرہ پڑا ہوا ہے کہیں وہ بھی اس کا مرتکب نہ ہو جائے.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتوں کا نزول فرمائے .